106
Music By Gulam Haid
Bad

آل انڈیا پکچرس کا شاندار نرالا شاہکار

اداکاران
ششی کلا — ہردیپ کمار
بجلی — گوپ
وغیرہ

مختصر اسٹوری

گانے

قیمت ۱/

سینما بکڈپو کھاری باؤلی دہلی

کہانی حور عرب

شہناز دیکھنے کو تو ایک معمولی رقاصہ لیکن ہمیشہ تخت و تاج کے خواب دیکھا کرتی تھی اسکی یہ پیشین گوئی جب پوری ہو گئی تب شہزادہ کمال اس پر دل و جان سے فریفتہ ہو گیا۔ ادھر کمال نے بادشاہ حیدر سے بغاوت شروع کر دی۔ شہناز کی سہیلی بلبل کی دانائی نے اسکی جان باغیوں سے محفوظ کر دی۔ حیدر ایک عام آدمی کی طرح بلبل اور شہناز کے ساتھ رہنے لگا۔ بلبل کے سوا اور کسی کو علم نہ تھا کہ بادشاہ حیدر ابھی زندہ و سلامت ہے۔ عیار وزیر حیدر کو دیکھتے ہی پہچان لیا اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ حیدر شہناز سے محبت کرتا ہے۔ اب وہ ایک تیر سے دو شکار کرنا چاہتا تھا۔ اس نے شہناز سے کہا کہ جشن شادی کے موقع پر تم کمال کو زہر دیدو ورنہ حیدر کا خاتمہ کر دیا جائے گا شہناز کی محبت جاگ اٹھی اسنے زہر دینے کا وعدہ کر لیا وزیر خوش ہو گیا اسکے بعد کیا ہوا۔ شہناز ملکہ بنی یا نہیں؟ کمال کا کیا انجام ہوا؟ حیدر پر کیا گذری؟ بیچاری بلبل کا کیا حشر ہوا؟

یہ حیرت انگیز واقعات آپ ٹکٹ خرید کر سنہری
پردے پر ملاحظہ فرمائیں گے۔

حورِ عرب کے گانے

نمبر ۱

گوپ۔ آؤ آؤ میرے بھائی۔

لقمان۔ دیکھو لال پری آئی

وہ ادائیں سنگ لائی کہ دہائی ہے دُہائی

گوری گوری ہے کلائی جیسے دودھ کی ملائی

بال جیسے گھٹا چھائی آنکھ جیسے شرمائی

کرے گی دلوں کی صفائی ناچ دیکھے گی خدائی

میری بڑھے گی کمائی آؤ آؤ میرے بھائی

دیکھو لال پری ہے آئی

شمشی کلا:۔ اے ساقی مستانہ۔ بھر دے مرا پیمانہ

شہناز:۔ مستی بھری نظروں سے کر دے مجھے دیوانہ

بھر دے مرا پیمانہ

تو گل ہے میں بلبل ہوں دل تجھ پہ نچھاور ہے

میرے لئے دنیا میں جو در ہے ترا در ہے

مطلب مجھے مسجد سے کعبہ ہو کہ بتخانہ۔ بھر دے مرا پیمانہ

اک جام عطا کر دے ساقی مجھے اُلفت کا
پہلو میں مرے دل ہے متوالا محبت کا
منظور ہے گر تجھ کو حاضر ہے یہ نذرانہ۔ بھر دے مرا پیمانہ

نمبر ۲

لڑکیاں:۔ چاند نے پہنا تاج ستارو۔ جھوم جھوم کر ناچو
بہارو جھوم جھوم کر ناچو

آن مبارک شان مبارک | خوشیوں کے سامان مبارک
کلیاں جھومیں، غنچے مہکے | جیسے شرابی پی کر بہکے

دنیا سجی ہے آج ستارو جھوم جھوم کر ناچو۔ ناچو بہارو جھوم جھوم کر ناچو

حسن اکیلا جلوے کتنے | ایک نظر میں لاکھوں فتنے
دل میں دعائیں، لب پہ دعائیں | دیکھنے والے جھومتے جائیں۔

دل کو خوشی ہے آج ستارو، جھوم جھوم کر ناچو۔ بہارو جھوم....

نمبر ۳

چترا:۔ تارا رارارم، میرے دل میں صنم، تو بادِ صبا کیا جانے — لتا
بلبل:۔ جانے نہ کوئی اسرار دل کی لگی۔ ہر سانس میں ہیں افسانے

تارارارارم

ایک ستارہ | چاند سے پیارا
ٹوٹ کے دل میں آیا | پیغام محبت لایا

شام بہار ہے۔ آنکھوں میں پیار ہے
تارا را را را رم

دل کا فسانہ　　　لب پہ نہ لانا
سمجھ لے کوئی ہم سے　　　یہ دنیا ہمارے دم سے
آئیں جوانیاں، لے کے نشانیاں۔ دل کی کہانیاں۔ پیار کے سب دیوانے

نمبر ۴

ششی کلا :۔ زمانے کے بازار ہی کے ہے تیری دنیا نے اپنا چلن بیچ ڈالا
شہنشاہ :۔ لٹے باغباں بن کے بلبل کو دھوکے، بہاریں جب آئیں چمن بیچ ڈالا
مٹا کر ہر اک آرزو ہر تمنا۔ زمانے کے بازار میں لائی دنیا
کیے خوب سودے غم زندگی کے۔ جنازے خریدے۔ کفن بیچ ڈالا
قفس کے اسیروں کو مجبور پاکے　　　دکھاتے ہیں صیاد کیا کیا تماشے
کسی مست غنچے کی خوشبو چرا لی　　　کسی گل کا نازک بدن بیچ ڈالا

نمبر ۵

(حسینہ۔ جمیلہ اور کورس)

حسینہ ہیلن۔ نوجوانو۔ مہربانو۔ حسینہ ہیلن۔ سن کو میرے دل کا حال جی
کورس۔ مہربانو۔ ہیلن۔ تیرے ریشم جیسے بال جی۔ کورس :۔ مہربانو
شمیم۔ نوجوانو ہائے مہربانو۔ میری ٹھمک ٹھمک سی چال جی
کورس :۔ میری تال کے صدقے ہو گئے شمیم :۔ میری تال کے دھادھن تال جی
شمیم اور ہیلن :۔ نوجوانو۔ ہائے مہربانو
ہیلن :۔ پھولوں کی شہزادی ہوں میں آنکھ میری پیمانہ

ایک جھلک دکھلاؤں جسکو بن جائے دیوانہ
کردوں، دل کو مالا مال جی۔ شمیم اور سہیلیں :۔ مہربانو۔ نوجوانو.....
شمیم :۔ دنیا بھر کو اپنا کرلے ایک نظر کا جادو
سامنے آئے جو دل لے کر ہو جائے بے قابو
ہیر سر پہ سنہرا جال جی کورس :۔ مہربانو
شمیم اور سہیلیں :۔ نوجوانو۔ ہائے مہربانو

نمبر ۶

ششی کلا :۔ در در کی ٹھوکریں ہیں کوئی نہیں سہارا
شہناز :۔ اب میری زندگی ہے ٹوٹا ہوا ستارا
گذرے ہوئے زمانے آنسو بہا رہے ہیں
لو آج ہم تمہاری دنیا سے جا رہے ہیں
تم خوش رہو جہاں میں کرلیں گے ہم گذارا
در در کی ٹھوکریں ہیں.......
قسمت میں ڈوبنا ہے موجوں سے کیا ڈریں گے
مالک کے آسرے پہ کشتی کو چھوڑ دیں گے
مل جائے گا ہمیں بھی طوفان میں کنارا
در در کی ٹھوکریں ہیں.......

نمبر ۷

کورس :۔

صندوق میں بندوق ہے، بندوق میں گولی
نکلی ہے بڑی دھوم سے معشوقوں کی ٹولی
مجنوں میرے خالو تھے اور ماموں تھے فرہاد
قبرستان میں محل بنا کر چھوڑ گئے اولاد
ننھی منی میری جان ہے میں ہوں بڑی بھولی
نکلی ہے بڑی دھوم سے معشوقوں کی......

کورس :۔ صندوق میں بندوق ہے.......

سبز پری دنیا میں آ کر ڈھونڈھ رہی گلفام
عشق میں تیرے کانٹا بن گئی مفت ہوئی بدنام
کھڑکی مرے دل کی کسی نے بھی نہیں کھولی
نکلی ہے بڑی دھوم سے معشوقوں کی ٹولی
صندوق میں بندوق ہے.........

ختم شد

(م - ب)

نئے فلمی سنگیت بہار

اس کتاب کے اندر آپ کو موجودہ وقت کے ہر فلموں کے گانے ملیں گے جس کو پڑھ کر آپ کا دل باغ باغ ہو جائے گا۔ ساتھ ہی خوبی یہ ہے کہ اس کے اندر آپ کو آٹھ (۸) عدد کارڈ سائز کے چمکدار فوٹو بھی بھیجے جائیں گے جن کو دیکھ کر آپ حیرت میں رہ جائیں گے۔

اس کتاب میں ۱۵۰ صفحے ہیں۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے اس کی قیمت معہ ڈاک محصول صرف ۹/۲ ہے

نوٹ:- جو صاحب دو روپے نو آنے پیشگی منی آرڈر سے روانہ کریں گے اُن کو ایک عمدہ ناول بھیجا جائے گا۔ جلد آرڈر روانہ کریں۔

سینما بُک ڈپو کھاری باؤلی دہلی